یہاں سے کاٹئے

Question Paper Serial No. 80

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوالیہ پرچہ کھولئے

Tear here

# C

**CCE PF**
**CCE PR**
**REVISED**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8 ]
Total No. of Printed Pages : 8 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]
**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U**
**Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು
# Subject : Third Language - URDU

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ & ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Fresh & Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 03. 04. 2020 ] [ Date : 03. 04. 2020
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-30 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

I. درج ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے :

10 × 1 = 10

1. غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔

A) بیت الغزل B) مطلع

C) مقطع D) تخلص

2. ''حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عرس نہایت تزک واحتشام سے منایا جاتا ہے۔''

اس جملے میں لفظ ''تزک واحتشام'' کا ذکر ہے جس کے معنی ہیں۔

A) زائرین B) مسافر

C) شان وشوکت D) طول وعرض

3. مستقل کلمہ وہ ہے جو خود (جملہ مکمل کیجئے)

A) اپنے معنی نہیں دیتا ہو B) اپنے معنی دیتا ہو

C) دوسرے جملوں کا محتاج ہو D) دوسرے جملے کے تابع ہو

4. درج ذیل میں سے ''جمع'' لفظ یہ ہے۔

A) مرکز B) منزل

C) منظر D) مقاصد

5. ''فیضان اچھا لڑکا ہے۔'' اس جملے میں مسندالیہ کی نشاندہی کیجئے۔

A) اچھا B) لڑکا

C) فیضان D) ہے

6. مضمون کا درمیانی حصّہ کہلاتا ہے ؟

A) نفسِ مضمون B) تمہید

C) اختتام D) آغاز

7. درج ذیل میں سے حروفِ فجائیہ کی مثال ہے۔

A) لیکن    B) کو

C) نے    D) واہ، واہ

8. اللہ تعالیٰ کی تعریف وتوصیف میں بیان کی گئی نظم کو کہتے ہیں۔

A) رباعی    B) حمد

C) غزل    D) نعت

9. درجِ ذیل میں سے لاحقہ لفظ الگ کر کے لکھئے۔

A) باذوق    B) بے حد

C) صاحبِ قلم    D) یادگار

10. تجارت یا لین دین کے تعلق سے لکھے جانے والے خط کہلاتے ہیں۔

A) دفتری خط    B) کاروباری خط

C) سرکاری خط    D) نجی خط

II. پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 5 × 1 = 5

11. دل بجھ جانا : مایوس ہونا :: پارہ چڑھنا : ..................

12. دُور : فاصلہ :: دَور : ..................

13. رحمت : زحمت :: حیات : ..................

14. دل آزاری : دل دُکھانا :: دل شکنی : ..................

15. طریقہ : مذکر :: ترقی : ..................

III. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : 5 × 1 = 5

16. نبی کریمؐ کو دوسری شادی کا مشورہ کس نے دیا ؟

17. مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ نے دھوبی کے خاندان والوں کی کیا مدد کی ؟

18. شیخ حُسین عبداللہ کس نام سے مشہور ہوئے ؟

19. سلیمان خطیبؔ کی ابتدائی تعلیم کہاں ہوئی ؟

20. محمد علی جوہرؔ کا لقب کیا تھا ؟

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 10 × 2 = 20

21. حضرت عائشہؓ نے کس طرح نبی کریمؐ کی تعلیمات سے استفادہ کیا ؟

22. ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟

23. قدیم زمانے میں ''نانو اشیاء'' کا استعمال لوگ کہاں کرتے تھے ؟

24. گول میز کانفرنس میں مولانا محمد علی جوہرؔ کی دی گئی تقریر کے دو یا تین جملے لکھئے۔

25. ملاّ نصیر الدین کو گھر میں نہ پا کر عالِم دوست نے کیا کیا ؟

26. سِفلی عناصر اگلے دن ہونے والے واقعہ کی کیا پیشین گوئی کرتے ہیں ؟

27. شاعر اللہ تعالیٰ کے وجود کو کہاں کہاں محسوس کرتا ہے ؟

28. نظم پیغامِ یکجہتی کے تعلق سے بتایئے کہ شاعر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟

29. معراج کا مطلب کیا ہے ؟

30. ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے:

(i) سیّاح (ii) خوش نما

11 × 3 = 33

V. درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :

بحوالۂ متن درج ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

31. ''اگر تم جاپان سے میرے لئے ایک بڑھیا ٹرانسسٹر لاسکو تو تمہیں ایک خوش خبری سنانی ہے۔''

32. ''انہیں تو صرف تخلص بدلنا ہوتا ہے۔''

33. ''کوئی دن کوئی گھڑی ازخود نجس نہیں ہوتی۔ ہمارے اعمال اسے اچھا یا بُرا بناتے ہیں۔''

34. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی **ایک** کا تعارف لکھئے :

(i) ایم قادر علی خان (ii) کرشن چندر

35. درج ذیل شعراء میں سے کسی **ایک** کا تعارف لکھئے :

(i) عطاؔ کلیانوی (ii) میر تقی میرؔ

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

36. جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے
آنکھوں نے کبھی مِیل کا پتھر نہیں دیکھا

37. زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

38. ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی
کچھ ہماری خبر نہیں آتی

درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :

39. کلبرگی کی اہم عمارتوں کے نام لکھئے۔

40. فراقؔ گورکھپوری کے مطابق کن لوگوں کو مرنے کا بھی شعور نہیں ہے ؟

41. درج ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :

Urdu is my mother tongue. It is very popular language in India. I like to learn Urdu.

VI. درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : 3 × 4 = 12

42. نعت کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

43. عمر خیام کو 'علمِ ہئیت کا امام' اور 'ریاضی دانِ اعظم' کیوں کہا جاتا ہے ؟

یا

اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

44. سلیمان خطیبؔ کا حلیہ بیان کیجئے۔

VII. درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے : 5 × 1 = 5

45. اللہ کا دین، دینِ فطرت ہے جو تمام تر علم کی بنیاد پر قائم ہے۔ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی وہ آسمانی کتاب ہے جو حضرت محمدؐ پر نازل ہوئی۔ قرآن مجید کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں پر متعدد صحیفے اور آسمانی کتابیں اتاریں۔ جن میں زبور حضرت داؤدؑ پر، توریت حضرت موسیٰؑ پر اور انجیل حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئیں۔ ان تمام آسمانی کتابوں کا ایک ہی مقصد رہا یعنی اللہ کے راستے سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو صحیح راستے پر لانا۔ قرآن مجید کے بعد دینِ اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت احادیث کی کتابوں کو حاصل ہے۔

سوالات :

(i) اللہ کا دین کس بنیاد پر قائم ہے ؟

(ii) قرآن مجید کس پیغمبر پر نازل ہوا ؟

(iii) قرآنِ مجید کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی دوسری آسمانی کتابیں کونسی ہیں ؟

(iv) اِن آسمانی کتابوں کا مقصد کیا ہے ؟

(v) قرآن مجید کے بعد دین اسلام میں سب سے زیادہ اہمیت کونسی کتابوں کو حاصل ہے ؟

VIII. درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر **15** تا **20** جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے :　$1 \times 5 = 5$

46. میرا محبوب مشغلہ　یا　ماحول کی حفاظت

IX. خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :　$1 \times 5 = 5$

47. اپنے میر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کیجئے۔

یا

اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیتے ہوئے اپنے والد/ والدہ کو ایک خط لکھئے۔